| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انتیسواں ہفتہ | موضوع: | الفاظ الٹ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کے الٹ بتا سکیں۔ الفاظ اور ان کے الٹ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>چھ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ متضاد الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو معنی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوتے ہیں۔جیسے دن کا الٹ رات ہوتی ہے۔اچھا کا الٹ بُرا ہوتا ہے۔بچوں کو کہانی سنائیے۔میری دوست آمنہ ہے۔میرا گھر آمنہ کے پیچھے پتلی گلی میں ہے۔آمنہ کے گھر کے آگے چوڑی سڑک ہے۔اس کے گھر کے باغ میں آم،امرود کے چھوٹے بڑے درخت ہیں۔ایک دن میں نے دیکھا کہ آم کے درخت کے اوپر بندر بیٹھا ہے اور آم توڑ توڑ کر نیچے گرا رہا ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کہانی میں سے کون سے الفاظ الٹ استعمال ہوئے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ایک گروپ کو الفاظ اور دوسرے گروپ کو اس کے متضاد دیے جائیں گے۔پہلا گروپ لفظ فلیش کارڈ دکھائے گا اور لفظ پڑھے گا۔دوسرا گروپ اس کا متضاد فلیش کارڈ تلاش کر کے کمرہ جماعت میں دکھائے گا اور پڑھے گا۔معلمہ دونوں گروپوں سے کارڈ لے کر تختہ سفید پر چسپاں کرے گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 47 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچے تختہ سفید/ سیاہ سے دیکھ کر الفاظ اور اس کے الٹ لکھیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے الفاظ اور ان کے الٹ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر بڑا،موٹا،اٹھ کے الٹ لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ متضاد فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 47 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور اس کے الٹ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی　　　انتیسواں ہفتہ | موضوع: | الفاظ الٹ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کے الٹ بتا سکیں۔ الفاظ اور ان کے الٹ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے اچھا، سچا، لمبا، اُٹھ، اوپر کے الٹ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | الفاظ الٹ<br>فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>63 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور اس کے الٹ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ دو گیندیں بچوں کو دکھائے گی۔ ایک گیند بڑی ہے اور ایک چھوٹی۔ معلمہ بار بار دہرائے گی اور بچوں کو دہرانے کو کہے گی بڑی، چھوٹی بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ الفاظ الٹ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو معنی کے لحاظ سے مختلف ہوں۔ معلمہ مختلف الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کے الٹ پوچھے گی جیسا کہ آگے، لمبا، اچھا، دن، صبح وغیرہ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ کمرہ جماعت میں الفاظ کے الٹ چھپا دیں گی۔ بچوں کو باری باری بُلا کر ایک لفظ دیا جائے گا۔ نیچے دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیے، درست لفظ چُن کر تصاویر کے ساتھ لکھنے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بورڈ پر الفاظ لکھ کر بچوں سے ان کے الٹ لکھوائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر اوپر، سچا، لمبا کے الٹ لکھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انتیسواں ہفتہ | موضوع: | الفاظ الٹ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ کے الٹ بتا سکیں۔ الفاظ اور ان کے الٹ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مختلف الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کے الٹ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور اس کے الٹ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جملوں میں الفاظ الٹ کا استعمال سیکھیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر جملہ لکھے گی۔ علی جلدی سوجاتا ہے لیکن آفس ہمیشہ دیر سے جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جلدی کا الٹ دیر ہے۔ بچوں کو ایسے جملے بتانے کو کہا جائے گا۔ جس میں الفاظ الٹ کا استعمال ہو۔ | 10 منٹ | الفاظ الٹ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر الفاظ فلیش کارڈ چسپاں کرے گی (دائیں، محبت، اندر، لڑکا، بوڑھا، روشنی)۔ ان الفاظ کے الٹ فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھے گی۔ بچوں کو باری باری بُلا کر کوئی لفظ پڑھنے اور ٹوکری سے اس کا الٹ تلاش کر کے بورڈ پر چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 64 کھولنے کو کہا جائے گا۔ درست لفظ چُن کر خالی جگہوں میں لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 64 | |
| | **اختتامیہ:**<br>موٹا، لمبا، اوپر، اچھا، دن، صبح، محبت، دائیں، اندر، لڑکا، بوڑھا کے الٹ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی انتیسواں ہفتہ | موضوع: | جسم کے حصوں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جسم کے حصوں کے نام بتا سکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کی آوازیں اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جسم کے حصوں کے نام دہرائیں گے۔ بچوں کو ہونٹ، آنکھ، ناک، کان اور ہاتھ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ معلمہ تصاویر تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کر کے ان اعضاء کے آگے ان کے نام لکھے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سیاہ/سفید پر جسم کے حصوں کے نام لکھے گی (ہونٹ، آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، بازو، سر، گال) اور بچوں کو کسی ایک عضو کی تصویر دکھا کر تختہ سیاہ/سفید پر بلائے گی اور نام کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ سب بچوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر ہونٹ، آنکھ، ہاتھ اور کان کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے جسم کے حصوں کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | جسم کے حصوں کے نام تصاویر الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جسم کے حصوں کے ناموں کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی انتیسواں ہفتہ | موضوع: | جسم کے حصوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جسم کے حصوں کے نام بتا سکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جسم کے حصوں کے نام دہرائیں گے۔ بچوں کو ہونٹ، آنکھ، ناک، کان اور ہاتھ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ معلمہ تصاویر تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کر کے ان اعضاء کے آگے ان کے نام لکھے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سیاہ/ سفید پر جسم کے حصوں کے نام لکھے گی (ہونٹ، آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، بازو، سر، گال) اور بچوں کو کسی ایک عضو کی تصویر دکھا کر تختہ سیاہ/ سفید پر بلائے گی اور نام کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ سب بچوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر ہونٹ آنکھ، ناک، ہاتھ اور کان کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے جسم کے حصوں کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | جسم کے حصوں کے نام تصاویر<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا<br>جسم کے حصوں کے ناموں کی نشاندہی کرنے پر۔ |